پریس ریلیز

آج مورخہ 12.07.2024 کو پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ کی لاہور ہائیکورٹ لاہور کی چیف جسٹس مس عالیہ نیلم سے ملاقات۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے اپنے اور محکمہ پراسیکیوشن کی طرف سے مبارکباد دی، پھولوں کا گلدستہ پیش کیا اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر پراسیکیوٹر جنرل پنجاب اور چیف جسٹس مس عالیہ نیلم کے درمیان باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال ہوا۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے فوجداری نظام انصاف کی بہتری کے لئے چیف جسٹس صاحبہ کو اپنی کاوشوں سے آگاہ کیا جس کو چیف جسٹس مس عالیہ نیلم نے خوب سراہا۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے چیف جسٹس صاحبہ کو یقین دہانی کروائی کہ فوجداری نظام انصاف کی بہتری کے لیے محکمہ پراسیکیوشن ہمیشہ مثبت کردار ادا کرتا ہے اور مستقبل میں بھی کرتا رہے گا۔ پراسیکیوٹرز کی کپیسٹی بلڈنگ اور صلاحیتوں کو مزید بہتر بنانے کے لیے ٹریننگز کروائی جارہی ہیں تاکہ عوام کو قانونی امداد اور انصاف کی فراہمی مزید موثر طریقے سے فراہم کی جاسکے۔ اس موقع پر پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کا۔ کہنا تھا کہ میری خواہش ہے کہ پراسیکیوٹرز اور جوڈیشل افسران کی اکٹھی ٹریننگز کروائی جائیں جس سے دونوں محکموں کے افسران میں باہمی ہم آہنگی اور تعاون کو فروغ ملے گا اور فوجداری نظام انصاف میں مزید بہتری آئے گی۔

از دفتر:

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب

محمد نوید الظفر (انچارج میڈیا سیل)